فوری ریلیز کے لیے: 7/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا فورتھ ڈیپارٹمنٹ میں اپیلیٹ ڈویژن کے لیے نامزدگی کا اعلان

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج جسٹس Erin S. Skinner (ایرن ایس۔ سکنر) کو سپریم کورٹ کے اپیلیٹ ڈویژن، فورتھ ڈیپارٹمنٹ میں ایڈیشنل جسٹس مقرر کرنے کا اعلان کیا۔

"نیو یارک کے شہری ایسی عدلیہ کے حق دار ہیں جس کی پہچان دیانت داری اور اعلیٰ معیار سے ہو"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "جسٹس Skinner (سکنر) کا وسیع قانونی تجربہ اور انصاف کے ساتھ ان کی غیر متزلزل وابستگی انہیں اس ذمہ داری کے لیے غیر معمولی طور پر موزوں بناتی ہے، اور مجھے پورا یقین ہے کہ وہ نیو یارک کے شہریوں کی منصفانہ اور غیر جانب دارانہ انداز میں خدمت کریں گی"۔

<u>جسٹس Erin S. Skinner (ایرن ایس۔ سکنر)</u>

جسٹس Erin S. Skinner (ایرن ایس۔ سکنر) نومبر 2024 میں سیونتھ جوڈیشل ڈسٹرکٹ سے نیو یارک سٹیٹ سپریم کورٹ کی جج منتخب ہوئی تھیں اور اس وقت وہ دیوانی مقدمات کی سماعت کر رہی ہیں، جن میں قوانینِ محنت، ذاتی چوٹ، ازدواجی تنازعات اور رہن شدہ املاک کی قرقی سے متعلق مقدمات شامل ہیں۔

اپنے انتخاب سے قبل جسٹس Skinner (سکنر)نے اپیلیٹ ڈویژن، فورتھ ڈیپارٹمنٹ میں جسٹس Joanne Winslow (جو این ونسلو) (ر)، اور جسٹس Mark Montour (مارک مونٹور) کی پرنسپل لاء کلرک کے طور پر خدمات انجام دیں۔ اس حیثیت میں انہوں نے دیوانی اور فوجداری نوعیت کی اپیلوں سے متعلق مختلف مقدمات پر کام کیا۔ سنہ 2019 سے سنہ 2021 تک انہوں نے نیو یارک کی اعلیٰ ترین عدالت، نیو یارک سٹیٹ کورٹ آف اپیلز میں کورٹ کلرک کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

نیو یارک کی اپیلیٹ عدالتوں میں خدمات انجام دینے سے قبل جسٹس Skinner (سکنر)نے مونرو کاؤنٹی پبلک ڈیفنڈر آفس میں اسسٹنٹ پبلک ڈیفنڈر کی حیثیت سے وکالت کی، جہاں انہوں نے فوجداری مقدمات میں مؤکلوں کی نمائندگی کی اور باقاعدگی سے مونرو کاؤنٹی کی ٹرائل عدالتوں میں پیش ہوتی رہیں۔ نظامِ انصاف سے گزرنے والے افراد کی وکالت کے اس تجربے نے انہیں یہ سمجھنے کا قیمتی موقع فراہم کیا کہ عدالتی فیصلے لوگوں کی زندگیوں پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں اور یہ یقینی بنانا کیوں ضروری ہے کہ عدالت میں آنے والے ہر فریق کو منصفانہ اور باعزت انداز میں اپنی بات پیش کرنے کا پورا موقع دیا جائے، یہی نقطۂ نظر وہ آج بھی بطور جج اپنی عدالتی ذمہ داریوں میں بروئے کار لا رہی ہیں۔

اپنے قانونی کیریئر کے دوران جسٹس Skinner (سکنر) کو بار ایسوسی ایشنز اور پیشہ ورانہ تنظیموں کے لیے مختلف تعلیمی پروگراموں میں اظہار خیال کے لیے مدعو کیا جاتا رہا ہے بشمول اپیلوں کی وکالت اور نیو یارک کی اپیلیٹ عدالتوں میں قانونی طریقۂ کار سمیت مختلف موضوعات۔ انہوں نے قانونی شعبے میں ذہنی صحت، فلاح و بہبود اور مشکل حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کی اہمیت پر بھی اظہارِ خیال کیا ہے۔ انہوں نے SUNY بروک پورٹ میں انڈرگریجویٹ طلبہ کو قانون اور قانونی مطالعات کا تعارف اور آئینی قانون اوّل بھی پڑھایا۔

وہ SUNY کورٹ لینڈ سے انگریزی میں بیچلرز ڈگری کے ساتھ فارغ التحصیل ہوئیں اور سیراکیوز یونیورسٹی کالج آف لاء سے جے ڈی میگنا کم لاؤڈے حاصل کی۔

پریذائیڈنگ جسٹس Gerald Whalen (جیرالڈ وہیلن) نے کہا، "ہمیں جسٹس Erin Skinner (ایرن سکنر) کو اپیلیٹ ڈویژن، فورتھ ڈیپارٹمنٹ میں ایسوسی ایٹ جسٹس کی حیثیت سے خوش آمدید کہتے ہوئے بے حد خوشی ہو رہی ہے۔ جسٹس Skinner (سکنر) ہماری عدالت میں اجنبی نہیں ہیں۔ سیونتھ جوڈیشل ڈسٹرکٹ میں سپریم کورٹ کی جج منتخب ہونے سے پہلے وہ فورتھ ڈیپارٹمنٹ کے دو جسٹس صاحبان کی کانفیڈینشل لاء کلرک کے طور پر خدمات انجام دے چکی ہیں، جبکہ ہماری عدالت کے قانونی تحقیقی عملے میں کورٹ اٹارنی کی حیثیت سے بھی کام کر چکی ہیں۔ ہماری عدالت کے ساتھ جسٹس Skinner (سکنر) کی سابقہ وابستگی اور تجربہ ان کے لیے ایک اہم اثاثہ ثابت ہو گا، جب وہ ایسوسی ایٹ جسٹس کی حیثیت سے اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گی"۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔